شاہین شاہ آفریدی پہلی بار ون ڈے کی عالمی رینکنگ میں نمبر ون بولر

لاہور یکم نومبر 2023ء:

پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی ورلڈ کپ میں اپنی شاندار کارکردگی کے سبب ون ڈے انٹرنیشنل کی عالمی رینکنگ میں نمبر ایک بولر بن گئے ہیں۔

یہ پہلا موقع ہے کہ شاہین شاہ آفریدی نے ون ڈے انٹرنیشنل کی عالمی رینکنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

شاہین شاہ آفریدی انڈیا میں جاری ورلڈ کپ میں اسوقت آسٹریلوی اسپنر ایڈم زیمپا کے ساتھ مشترکہ طور پر سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے بولر ہیں۔ شاہین شاہ آفریدی اب تک سات میچوں میں 16 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں جس میں آسٹریلیا کے خلاف میچ میں پانچ وکٹوں کی قابل ذکر کارکردگی شامل ہے۔

شاہین شاہ آفریدی نے بنگلہ دیش کے خلاف میچ میں بھی متاثر کن کارکردگی دکھاتے ہوئے صرف 23 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔

23 سالہ شاہین شاہ آفریدی نے بنگلہ دیش کے خلاف میچ میں ون ڈے انٹرنیشنل میچوں میں اپنی 100 وکٹیں بھی مکمل کرلیں۔ وہ ون ڈے انٹرنیشنل میں سب سے کم میچوں میں یہ اعزاز حاصل کرنے والے فاسٹ بولر ہیں۔ انہوں نے یہ وکٹیں 51 میچوں میں مکمل کی ہیں اس سے قبل یہ ریکارڈ آسٹریلیا کے مچل اسٹارک کا تھا جنہوں نے وکٹوں کی سنچری 52 میچوں میں مکمل کی تھی جبکہ سب

سے کم میچوں میں سو وکٹیں مکمل کرنے والے مجموعی بولر میں شاہین شاہ آفریدی تیسرے نمبر پر ہیں۔ نیپال کے سندیپ لیمیچانے 42 اور افغانستان کے راشد خان 44 میچوں میں سو وکٹیں مکمل کرچکے ہیں۔

شاہین شاہ آفریدی پہلی مرتبہ ون ڈے انٹرنیشنل میں بولرز کی عالمی رینکنگ میں پہلے نمبر پر آئے ہیں۔ انہوں نے نو درجے ترقی پاتے ہوئے یہ پوزیشن حاصل کی ہے۔

پاکستان کے کپتان بابر اعظم اسوقت ون ڈے انٹرنیشنل میں بیٹنگ کی عالمی رینکنگ میں پہلے نمبر پر ہیں۔ وہ اپریل 2021 سے یہ ٹاپ پوزیشن برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

آئی سی سی کی ون ڈے پلیئر رینکنگ کے اجرا کے بعد سے یہ پہلا موقع ہے کہ پاکستان کے بیٹر اور بولر بیک وقت ٹاپ رینکنگ پر موجود ہوں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial